نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21-سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

ناقص کارکردگی اور فرائض میں غفلت برتنے پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر ہارٹیکلچر جھنگ کو معطل اور ترقیاتی منصوبوں میں سست روی پر ڈائریکٹر ہارٹیکلچر کو شوکاز نوٹس جاری

فرائض میں غفلت برتنے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں، سیکرٹری زراعت محمد محمود

لاہور: 06مارچ 2017 (   ) سیکرٹری زراعت پنجاب محمد محمود نے ناقص کارکردگی اور فرائض میں غفلت برتنے پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر ہارٹیکلچر جھنگ کو معطل اور ترقیاتی منصوبوں میں سست روی پر ڈائریکٹر ہارٹیکلچر کو شوکاز نوٹس جاری کر دیا ہے۔ سیکرٹری زراعت نے پنجاب کے مختلف اضلاع کا دورہ کیا اور افسران سے ان کی کارکردگی بارے آگاہی حاصل کی۔ کئی منصوبوں میں سستی برتنے پر افسران کو انتباہ کیا گیا ہے جبکہ نظم وضبط برقرار نہ رکھنے والے افسران کے خلاف کاروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب محمد محمود نے کہا کہ فرائض میں غفلت برتنے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں۔ ان کے خلاف قاعدہ کے مطابق کاروائی کی جائے گی۔ تمام منصوبے وقت مقررہ پر مکمل کئے جائیں اور سالانہ ترقیاتی پروگرام میں رکھے گئے اہداف ہر صورت حاصل کئے جائیں۔ محکمہ زراعت ہر افسر اس محکمے کی کارکردگی بہتر بنانے کا ذمہ دار ہے۔ جو ملازمین محنت اور لگن سے اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں وہ شاباش کے مستحق ہیں۔

☆☆☆